سوال

میرا سوال ایسے سوالوں میں شامل ہوتا ہے جس کے کئی ایک جوابات دیے گئے ہیں : کیا ہم بستری کے وقت مسلمان کو کوئی دعا پڑھنی چاہیے ، اور کیا مسلمان (خاوند اور بیوی دونوں) کے لیے شب زفاف میں ضروری ہے کہ وہ ہم بستری سے قبل نماز پڑھیں ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے ، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر ، بعد ازاں :

شرعی اداب میں یہ شامل ہے کہ خاوند اپنی بیوی سے ہم بستری کرتے وقت مندرجہ ذیل دعا پڑھے :

بِاسْمِ اللَّهِ اللَّهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبْ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا اللہ تعالی کے نام سے اے اللہ ہمیں شیطان سے بچا کر رکھ اور جو ہمیں عطا کرے اسے بھی شیطان سے دور رکھ ۔ صحیح بخاری مع فتح الباری حدیث نمبر (138) ۔

اس کے پڑھنے کا فائدہ یہ ہے کہ جب اللہ تعالی ان دونوں کو اس ہم بستری کی وجہ سے اولاد عطا کرے گا تو اسے شیطان نقصان نہیں دے گا ۔

اور شب زفاف میں اسے اپنی بیوی کے پاس جا کر کیا کہنا اور کرنا چاہیے اس کے بارہ میں جواب گزر چکا ہے آپ اس کے لیے سوال نمبر (854) کا مراجعہ کریں ۔

واللہ اعلم .

الشیخ محمد صالح المنجد

1202